19 جون 2020

محترم CPS فیملیز،

ہمارا تعلیمی سال برائے 2019-20 باضابطہ طور پر ختم ہو گیا، اور یہ یقیناً ہمارے پچھلے کسی بھی قسم کے تجربے سے برعکس رہا۔ حالانکہ یہ ایک مشکل سال تھا، مگر یہ بے انتہا افزائش، طاقت اور حصولِ کارکردگی سے بھی بھرپور تھا۔ ہمارا عملہ اور کمیونٹی کے اراکین ان مشکل حالات میں اسکول کی مدد کرنے کے لیے اکھٹے ہوئے۔ اور میں تمام والدین، سرپرستگان، اور فیملی کے اراکین کی تہہ دل سے مشکور ہوں جنھوں نے گزشتہ کچھ ماہ میں مختلف انواع کے کردار نبھائے اور یقینی بنایا کہ ہمارے طلبہ گھر سے اپنے سیکھنے کے عمل کو جاری رکھیں۔ مجھے CPS فیملی کا رکن ہونے پر انتہائی فخر ہے۔

**براہ کرم ان گرمیوں میں اپنے بچوں کو مصروف عمل رکھنا جاری رکھیں۔**
جیسا کہ اس سال ہم نے پہلی بار اس بات کا تجربہ کیا ہے، کہ سیکھنے کا عمل محض کمرۂ جماعت تک محدود نہیں ہے۔ گرمیوں میں اپنے بچے/بچی کو مصروفِ عمل رکھنا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے کہ وہ اپنے سیکھنے کے عمل کو جاری رکھتا/رکھتی ہے اور اگلے تعلیمی سال کے لیے تیار ہے۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمارے پاس پورے شہر سے ایسے کمیونٹی کے شراکت دار اور اساتذہ موجود ہیں جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں کہ آپ کے بچے کو گرمیوں کے پورے موسم میں مفت اور پُر لطف آن لائن سیکھنے کے عمل کے افزودہ مواقع تک رسائی حاصل ہو۔ آپ شکاگو کے انتہائی مشہور عجائب خانوں اور ثقافتی اداروں کا ورچوئل فیلڈ ٹرپ لے سکتے ہیں، ورچوئل آن لائن سمر کیمپ میں شمولیت اختیار کر سکتے ہیں، اور شکاگو پبلک لائبریری کے ذریعے گرمیوں کے سیکھنے کے عمل کے چیلنج میں کہانیاں تخلیق کر سکتے ہیں۔

**ان گرمیوں میں گریب اینڈ گو کھانے کی سائٹس کھلی رہیں گی۔**
یاد دہانی کے طور پر، ہماری گرمیوں کی گریب اینڈ گو کھانے کی سائٹس پیر، 22 جون سے جمعہ، 28 اگست تک، صبح 9 سے دوپہر 1 بجے تک ہر کاروباری دن پر کھلی رہیں گی۔ اپنی قریبی کھانے کی سائٹس کے متعلق تازہ ترین فہرست cps.edu/mealsites پر تلاش کریں۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ عملے کی طے کردہ چھٹی کے دن کی وجہ سے **کھانے کی سائٹس جمعہ، 19 جون کو بند رہیں گی۔**

**اگلے تعلیمی سال کے حوالے سے ہماری منصوبہ بندیوں میں اپنی رائے فراہم کرنے کے مواقع دیکھتے رہیں۔**
جیسا کہ میں نے گزشتہ ہفتے اس بات کا اشتراک کیا تھا، ہم بہت جلد اس بارے میں آپ کے تاثرات جاننے کے لیے سرویز کے ایک سلسلے کا آغاز کرنے والے ہیں کہ ہم کیسے اس خزاں میں طلبہ کو محفوظ، خیرمقدمی، اور کارگر سیکھنے کا ماحول فراہم کر سکتے ہیں۔ ہم نے کل گریڈ 4-12 کے طلبہ کو طلبہ کا سروے بھیجا تھا۔ براہ کرم اپنے بچے کا cps.edu ای میل اکاؤنٹ چیک کریں۔ آپ اور آپ کی فیملی اس کام میں اہم شراکت دار ہیں، اور میں آپ کے تاثرات جاننے کی منتظر ہوں۔

**ضلع مقامی اسکول کونسل کے انتخابات کا انعقاد نومبر میں کرے گا۔**
COVID-19 کی عالمی وباء کے سبب، ضلع مقامی اسکول کونسل (LSC) کے انتخابات کو اپریل میں منعقد کرنے سے قاصر رہا تھا۔ LSC ہمارے اسکولوں—پالیسی میں ایسی تبدیلیاں لانے جو براہ راست

طلبہ کے نتائج پر اثر انداز ہوتی ہیں، اسکول کے رہنماؤں کا انتخاب کرنے، اور اس بات کی منظوری دینے کہ اسکول کے فنڈز کا استعمال کیسے کرنا ہو گا میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ کل، گورنر جے بی پرٹزکر (JB Pritzker) نے ایک قانون پاس کیا تھا جو ضلع کو LSC کے انتخابات کو نومبر میں منعقد کروانے کے قابل بنائے گا اور نئے انتخاب کے انعقاد تک موجودہ LSC کی مدت میں توسیع کرے گا۔ یہ قانون تمام شرکاء کی صحت اور حفاظت کو محفوظ رکھنے کے لیے ووٹ ڈالنے کے لچکدار فارمیٹس بنانے کی بھی اجازت دیتا ہے۔ ہم جتنا جلدی ممکن ہو سکا آپ کے ساتھ انتخابات کی نئی تاریخ اور ووٹ ڈالنے کے فارمیٹس کا اشتراک کریں گے۔ CPS کمیونٹی کے ہمارے حوصلہ مند، پُرجوش اراکین کا شکریہ جو مثبت، تمام خوبیوں سے آراستہ سیکھنے کے ایک ایسے ماحول کو تخلیق کرنے کے لیے انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں جہاں ہر بچے کے پاس کامیاب ہونے کے مواقع موجود ہیں۔

امید کرتی ہوں کہ آپ کا موسم گرما محفوظ اور صحت مند گزرے۔

آپ کی مخلص،

جینس کے۔ جیکسن (Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز